الیکشن کمیشن آف پاکستان

نوٹیفکیشن

اسلام آباد-25جنوری2024

No.F.2(11)-2024-Cord.- آئین کے آرٹیکل 220، 245، الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 5 اور سیکشن 233 کے مطابق، الیکشن کمیشن آف پاکستان نے الیکشن کے پر امن انعقاد اور فول پروف سیکورٹی کے لئے سول آرمڈ فورسز اور افواجِ پاکستان کی تعیناتی کے لئے ضابطہ اخلاق شائع اور جاری کر دیا ہے۔

سول آرمڈ فورسز / افواج پاکستان کے لیے ضابطہ اخلاق

سول آرمڈ فورسز اور افواج پاکستان کا الیکشن 2024 کے لیے سیکورٹی پر مامور عملہ مندرجہ ذیل امور کا پابند ہو گا:۔

1۔ افواج پاکستان آئین پاکستان کے آرٹیکل 245 اور اپنے مینڈیٹ کی حدود کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی الیکشن 2024 کے انعقاد میں مندرجہ ذیل معاونت کریں گی:۔

اَ) محفوظ ماحول کی فراہمی تاکہ ووٹر بحفاظت پولنگ اسٹیشن تک پہنچ سکیں۔ محفوظ ماحول کو یقینی بنانے کیلئے پولیس درجہ اول کی ذمہ دار، جبکہ سول آرمڈ فورسز اور افواج پاکستان بالترتیب ثانوی اور ثالثی درجے کی ذمہ دار ہونگی۔

ب) صرف منتخب کردہ انتہائی حساس پولنگ اسٹیشن کے باہر موجود ہونگی۔

ج) بیلٹ پیپر کی چھپائی کے دوران پرنٹنگ پریس کی حفاظت پر مامور ہو گی (صرف سول آرمڈ فورسز)۔

د) بیلٹ پیپر کی پرنٹنگ پریس سے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر کے دفاتر تک کی ترسیل کے دوران حفاظت پر مامور ہو گی۔

ر) انتخابی سامان کی ریٹرننگ آفیسرز کے دفاتر سے پولنگ اسٹیشنز تک ترسیل، گنتی اور انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد انتخابی سامان کی واپس ریٹرننگ آفیسرز کے دفاتر تک منتقلی تک سیکورٹی مہیا کی جائے گی۔

2۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل 220، 245 (بشمول تمام شقوں اور ذیلی شقوں کے) اور اینٹی ٹیرارزم ایکٹ کے سیکشن 4 اور 5 (بشمول ترامیم) اور الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 193 کے ساتھ ساتھ سیکشن 5 کے تحت اپنے فرائض انجام دیں۔

3۔ ہر آفیسر اور جے سی او الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت اپنے اختیارات کا بروقت استعمال کرے گا۔

4۔ سول آرمڈ فورسز اور افواج پاکستان کا عملہ محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے تعاون کرے گا تاکہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر، پریذائیڈنگ آفیسر اور پولنگ کا عملہ اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے انجام دے سکے۔

5۔ عام طور پر انتخابی عمل کے دوران اور خاص طور پر ووٹنگ کے عمل کے دوران غیر جانبدار رہیں اور کسی بھی سیاسی جماعت یا امیدوار کے حق یا مخالفت میں کام نہیں کریں۔

6۔ شائستگی کا مظاہرہ کریں، ووٹر اور پولنگ عملے کے ساتھ معاملات میں خوش اسلوبی کا مظاہرہ کریں، جبکہ کسی بھی غیر قانونی صورتحال سے نمٹنے کے لیے قانون کے مطابق عمل کریں۔

7۔ مشکوک ووٹرز کی نشاندہی کرنا تاکہ پولیس کے اہل کار ایسے ووٹر کی پولنگ اسٹیشن کی حدود میں داخل ہونے سے پہلے جامہ تلاشی لیں جس سے اس امر کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی شخص اپنے ساتھ کوئی ہتھیار / دھماکہ خیز مواد یا ممنوعہ چیز پولنگ اسٹیشن کے اندر نہ لے کر جاسکے۔

8۔ منتخب کردہ انتہائی حساس پولنگ اسٹیشن کے باہر فرائض سرانجام دیتے ہوئے خصوصی طور پر توجہ ماحول پر امن بنانے پر مرکوز رکھیں۔

9۔ پولنگ اسٹیشن کے باہر کسی بھی بے ضابطگی، مسئلے یا بدانتظامی، جسکی وجہ سے امن وامان اور سکیورٹی کی صورتحال خراب ہونے کا خدشہ ہو، کی اطلاع پریذائیڈنگ آفیسر اور اپنے بالا کمانڈر کو دیں اور جاری کردہ ہدایات کے مطابق کام کریں۔ اگر پریذائیڈنگ آفیسر کسی مبینہ بے ضابطگی، مسئلے یا بدانتظامی کے ارتکاب کو روکنے کے لیے کام نہیں کرتا ہے تو سیکورٹی عملہ فوری طور پر اس معاملے کو متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے نوٹس میں لائے۔

10۔ تمام متعلقہ قوانین پر عمل کریں اور الیکشن کے عمل کے دوران امن وامان اور محفوظ ماحول کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے عوامی اعتماد کے حصول کے لئے کوشاں رہیں۔

11۔ یاد رکھیں کہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر / ریٹرننگ آفیسر کسی بھی وقت پولنگ اسٹیشنوں کا دورہ کرسکتے ہیں۔

12۔ مجاز مبصرین اور میڈیا کے افراد کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کی اجازت ہے۔

13۔ کسی بھی اہل ووٹر کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے سے منع نہ کریں، ماسوائے ایسے اشخاص جن کے پاس ہتھیار یا دھماکہ خیز مواد یا ممنوعہ مواد پایا جائے یا وہ لوگ جو شر انگیزی پھیلانے یا ملکی مفاد / سلامتی کے خلاف کوئی حرکت کرتے پائے جائیں۔

14۔ پولنگ عملے کی ذمہ داریاں نہ سنبھالیں۔

15۔ بیلٹ پیپرز، مارکنگ ایڈ اسٹیمپ، آفیشل کوڈ مارک اسٹیمپ، ووٹر لسٹ، بیلٹ باکس، فارم-45 اور فارم-46 وغیرہ سمیت کوئی بھی انتخابی مواد اپنی تحویل میں نہ لیں۔

16۔ کسی بھی امیدوار، انتخابی ایجنٹ، پولنگ ایجنٹ، مبصر یا میڈیا کے نمائندے کے ساتھ کسی بھی طرح کے بحث یا جھگڑے سے گریز کریں۔

17۔ پریذائیڈنگ آفیسر، اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر یا پولنگ آفیسر کے کام میں کسی بھی طرح کی مداخلت نہ کریں۔

18۔ پولنگ اسٹیشن کے باہر کسی انتخابی بے قاعدگی کے الزام کا خود جواب نہ دیں بلکہ اس معاملہ کو پریذائیڈنگ آفیسر کے علم میں لائیں اور اس سے ضروری ہدایات لیں۔ اگر پولنگ اسٹیشن پر بے قاعدگی یا بدانتظامی جاری رہتی ہے تو وہ اپنے انچارج آفیسر کو فوری مطلع کریں تاکہ ضروری قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

19۔ گنتی کے عمل میں کسی بھی طرح کی مداخلت نہ کریں بلکہ گنتی کے عمل کو مکمل کرنے کے لئے پولنگ اسٹیشن کے باہر اپنی ڈیوٹی مستعدی کے ساتھ انجام دیں تاکہ گنتی کا عمل پرامن طریقے سے مکمل ہو۔

25/1/2024

سید ندیم حیدر

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (الیکشنز-II)